Chapter: 2; Surah Baqarah
Ayat: 183 to 185

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُتِبَ عَلَيْكُمُ ٱلصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ١٨٣

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم پر روزے فرض کر دیے گئے، جس طرح تم سے پہلے انبیا کے پیرووں پر فرض کیے گئے تھے۔ اس سے توقع ہے کہ تم میں تقویٰ کی صفت پیدا ہو گی۔[1]

Aey logon jo iman laye ho, tumpar roze farz kardiye gaye jis tarah tumse pehle ambiya ke pairawon par farz kiye gaye thay, issey tawaqqu hai ke tum mein taqwa ki siffat paida hogi

Believers! Fasting is enjoined upon you, as it was enjoined upon those before you, that you become God-fearing.[1]

أَيَّامًا مَّعْدُودَٰتٍ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ وَعَلَى ٱلَّذِينَ يُطِيقُونَهُۥ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ ۖ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُۥ ۚ وَأَن تَصُومُوا۟ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ١٨٤

چند مقرر دنوں کے روزے ہیں۔ اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو، یا سفر پر ہو تو دُوسرے دنوں میں اتنی ہی تعداد پوری کر لے۔ اور جو لوگ روزہ رکھنے کی قدرت رکھتے ہوں (پھر نہ رکھیں) تو وہ فدیہ دیں۔ ایک روزے کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے اور جو اپنی خوشی سے زیادہ بھلائی کرے[1]، تو یہ اسی کے لیے بہتر ہے۔ لیکن اگر تم سمجھو، تو تمہارے حق میں اچھا یہی ہے کہ تم روزہ رکھو۔[2]

Chandh muqarrar dino ke roze hain, agar tum mein se koi bimaar ho, ya safar par ho to dusre dino mein utni hi tadaad poori karle aur jo log roza rakhne ki qudrat rakhte hon (phi na rakhein) to woh fidya dein, ek roze ka fidiya ek miskeen ko khana khilana hai aur jo apni khushi se kuch zyada bhalayi karey to yeh usi ke liye behtar hai, lekin agar tum samjho to tumhare haqq mein accha yahi hai ke roza rakkho

Fasting is for a fixed number of days, and if one of you be sick, or if one of you be on a journey, you will fast the same number of other days later on. For those who are capable of fasting (but still do not fast) there is a redemption: feeding a needy man for each day missed. Whoever voluntarily does more good than is required, will find it

better for him;[1] and that you should fast is better for you, if you only know.[2]

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۱۸۵

رمضان وہ مہینہ ہے، جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کے لیے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے، جو راہِ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہے۔ لہٰذا اب سے جو شخص اس مہینے کو پائے، اُس پر لازم ہے کہ اس پورے مہینے کے روزے رکھے۔ اور جو کوئی مریض ہو یا سفر پر ہو، تو وہ دُوسرے دنوں میں تعداد پوری کرے۔[1] اللہ تمہارے ساتھ نرمی کرنا چاہتا ہے، سختی کرنا نہیں چاہتا۔ اس لیے یہ طریقہ تمہیں بتایا جا رہا ہے تاکہ تم روزوں کی تعداد پوری کر سکو اور جس ہدایت سے اللہ نے تمہیں سرفراز کیا ہے، اُس پر اللہ کی کبریائی کا اظہار و اعتراف کرو اور شکر گزار بنو۔[2]

Ramazan woh mahina hai jismein Quran nazil kiya gaya jo Insaano ke liye sarasar hidayat hai aur aisi wazey taleemaat par mushtamil hai jo raah e raast dikhane wali aur haqq o baatil ka farq khol kar rakh dene wali hai, lihaza ab se jo shaks is mahine ko paye usko lazim hai ke is poorey mahine ke roze rakkhey aur jo koi mareez ho ya safar par ho to woh dusre dino mein rozon ki tadaad poori karey. Allah tumhare saath narmi karna chahta hai, sakhti karna nahin chahta, isliye yeh tareeqa tumhein bataya jaa raha hai taa-ke tum rozon ki tadaad poori kar sako aur jis hidayat se Allah ne tumhein sarfaraz kiya hai uspar Allah ki kibriyayi ka izhar o aitraf karo aur shukarguzar bano

During the month of Ramadan the Qur'an was sent down as a guidance to the people with Clear Signs of the true guidance and as the Criterion (between right and wrong). So those of you who live to see that month should fast it, and whoever is sick or on a journey should fast the same number of other days instead. Allah wants ease and not hardship for you so that you may complete the number of days required,[1] magnify Allah for what He has guided you to, and give thanks to Him.[2]